© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

**خزینۃ الاصفیاء (جلداول) :**

تالیف مفتی غلام سرور لاہوری

ترجمہ : مفتی محمود عالم ہاشمی و علامہ اقبال احمد فاروقی

ناشر: المعارف، گنج بخش لاہور، صفحات ۳۲۸، قیمت ۱۰ روپے

فارسی زبان میں مفتی غلام سرور لاہوری کا لکھا ہوا تذکرۂ اولیاء بہ عنوان تذکرۃ الاصفیاء مشتمل بر ہفت مخزن نہایت مشہور و مقبول ہے۔ فارسی میں ہونے کی وجہ سے عام طور پر اردو داں طبقہ اس کتاب سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا تھا۔ اس لئے مفتی محمود عالم ہاشمی اور مولوی اقبال احمد فاروقی صاحبان نے اردو ترجمہ مع حواشی تیار کیا اور المعارف نے نہایت خوبصورت اور دیدہ زیب طباعت کے ساتھ شائع کیا۔ اردو داں حضرات کو ان کا شکرگزار ہونا چاہئے۔

ترجمہ نہایت عمدہ پیش کیا گیا ہے، اور اس کی تیاری میں بڑی جانفشانی کی گئی ہے۔ ظاہری خوبیوں کے ساتھ باطنی محاسن شائقین کے لئے نہایت خوشی کا سبب بنتے ہیں۔

طباعت کی غلطیاں ہمارے ملک کی شایع شدہ کتب و رسائل کی خصوصیات میں شمار کی جاتی ہیں۔ ان سے بچنے کی اب تک کوئی سبیل میسر نہیں۔ خود ہمارے ادارے کی مطبوعات بھی ان سے خالی نہیں۔ چنانچہ اس کتاب میں ہی چند نمایاں قسم کی غلطیوں کی نشاندھی اس لئے کی جاتی ہے کہ آیندہ ایڈیشن میں کتاب کی صحت کا اہتمام مزید کیا جائے :-

صفحہ ۳۸ پر دوسرا اور چھٹا شعر وزن سے ساقط ہے۔ چھٹا شعر صفحہ ۴۴ پر صحیح طبع ہوا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی طرح صفحہ ۴۱ کی سطر اول میں ''یکتائی (اپنائیت)''، محل نظر ہے۔ اسی صفحہ پر ''لا الہ الا ہو منفرد بذاتہ وصفاتہ لیس کمثلہ شی وھو السمیع العلیم''، کچھ اس طرح لکھا گیا ہے کہ پوری عبارت قرآن پاک کی آیت معلوم ہوتی ہے۔ حالانکہ ''منفرد بذاتہ و صفاتہ'' آیت کا حصہ نہیں۔

صفحہ ۴۵ پر سرخیوں کے بعد پہلی سطر میں: ''حضور شاہ رسالت...... اللہ تعالی کے بعد تمام مخلوق میں سے بر تر ہیں'' قابل غور ہے۔ بہتر یہ ہے کہ ''اللہ تعالی کی مخلوق میں سب سے برتر ہیں'' لکھا جائے۔ اسی صفحہ پر حضورؐ کے اسماء گرامی میں ''(۲۳) مفیق''، مذکور ہوا ہے اس کی تصحیح ضروری ہے۔

صفحہ ۴۶-۴۷ پر عربی عبارت میں چند الفاظ مشکوک ہیں۔ صفحہ ۵۵ پر حضرت عمر کے اسلام کا واقعہ مذکور ہے، ساتھ ہی ان کا مکہ معظمہ میں حضرت بلال کو پہاڑ کی چوٹی پر اذان دینے کا حکم دینا، محل اشکال ہے، اذان مدینہ منورہ میں مشروع ہوئی۔ امید ہے کہ آیندہ ایڈیشن میں طباعت و ترجمے کے ایسے نقایص کے ازالے کی پوری کوشش کی جائے گی۔

(محمد صغیر حسن معصومی)

---

**بنیادی حقیقتیں:**

مولف: مولانا کوثر نیازی

طابع و ناشر: فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور

تعداد صفحات ۱۰۵، قیمت ۶ روپے ۵۰ پیسے

مولانا کوثر نیازی کے مجموعہ مضامین کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے۔ مولانا نے خود اس کو سلسلہ' مضامین کا نام دیا ہے ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اس میں ایک مربوط و مسلسل تصنیف کی تمام خصوصیات موجود ہیں۔ اس کا موضوع اسلام کی بنیادی تعلیمات ہیں۔ کتاب تین ابواب میں منقسم ہے اور ہر باب متعدد فصول پر مشتمل ہے۔ پہلا باب توحید دوسرا رسالت اور تیسرا آخرت سے

© rasailojaraid.com